© rasailojaraid.com

# اخبار و افکار

## وقائع نگار

۲۷ اکتوبر ۱۹۷۳ء :- آب پارہ کمیونیٹی سنٹر (اسلام آباد) میں ادارہ تحقیقات اسلامی کی عید ملن تقریب منعقد ہوئی۔ اس تقریب میں ادارہ کے تمام ارکان نے اپنے اپنے اهل خانہ کے همراہ شرکت کی۔ ڈائرکٹر جناب ڈاکٹر عبدالواحد هالے پوتا اس میں شریک نہ هوسکے۔ وہ عمرہ سے واپسی پر چند روز آرام کی نیت سے حیدرآباد میں ٹھہر گئے تھے۔ یہ تقریب کئی گھنٹے جاری رهی اور بہت دلچسپ اور بارونق رهی۔ آخر میں تقریب کے منتظم ڈاکٹر ضیاءالدین اور ادارہ کے سیکریٹری شیخ محمد حاجن صاحب نے تقریریں کیں اور شرکاء کا شکریہ ادا کرنے کے علاوہ ایسی پر خلوص تقریبات کے آئندہ بھی هوتے رهنے کی امید ظاهر کی۔

---

۲۹ اکتوبر :- ادارہ تحقیقات اسلامی کی اعلی مجلس منتظمہ کے ممتاز رکن جناب ممتاز حسن کے انتقال پرملال پر ادارہ کے ارکان کا ایک تعزیتی جلسہ ادارہ کے کانفرنس هال میں منعقد هوا۔ جناب ڈاکٹر ضیاءالدین، مولانا سید عبدالقدوس هاشمی اور جناب مظہر الدین صدیقی نے مرحوم کے سانحہ پر افسوس کا اظہار کیا اور اس سانحہ کو خاص طور پر ادارہ کا نقصان قرار دیا۔ اس اجلاس میں ایک متفقہ تعزیتی قرارداد بھی منظور کرکے اخبارات کو جاری کی گئی۔ آخر میں مرحوم کے لئے دعائے مغفرت کی گئی۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com